## حق پرست شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، الطاف حسین
## سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی 20ویں برسی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔26،مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد سمیت تمام حق پرست شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حق پرست شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی 20ویں برسی کے موقع پر ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرست شہداء تحریک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ایم کیوایم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریگی۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست شہداء کا مقدس لہو رنگ لائے گا اور انشاءاللہ ایم کیوایم اپنی منزل پر ضرور پہنچے گی۔ جناب الطاف حسین نے پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کے بلند درجات اور شہداء کے لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کی 20ویں برسی کراچی سمیت سندھ بھر میں منائی جائے گی
## شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوں گے

کراچی۔۔26مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی 20ویں برسی کل بروز جمعرات کوعقیدت واحترام سے منائی جائے گی اور اس سلسلے میں کراچی سمیت سندھ بھر میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے بعد نماز ظہر تا عصر قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے۔ قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد کراچی میں ہوگا جبکہ حیدرآباد سمیت سندھ بھر میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوں گے۔۔ قرآن خوانی فاتحہ خوانی کے اجتماعات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست عوامی نمائندے، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد شرکت کریں گے۔

## فرانچ قونصلیٹ جنرل سے رابطہ کمیٹی کے ارکان کی ملاقات
## ملاقات میں ملک کی سیاسی، معاشی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی۔۔۔26مئی، 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی ابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور محمد اشفاق منگی نے فرانچ قونصلیٹ جنرل P.A.SAYYAN سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات سوا گھنٹہ تک جاری رہی جس کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال، ملک بالخصوص صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فرانچ قونصلیٹ جنرل نے پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے کردار کی تعریف کی۔ اس موقع پر افتخار اکبر رندھاوا نے فرانچ قونصلیٹ جنرل کو اپنی کتاب ''ریاستی دہشت گردی'' پیش کی اور انہیں پنجاب کے دورے کی دعوت دی۔

## جماعت اسلامی کے نائب امیر پروفیسر غفور کے گھر لاکھوں روپے مالیت کی ڈکیتی پر رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت
## پروفیسر غفور کے گھر ڈکیتی کرنے والے ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔26مئی، 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جماعت اسلامی کے نائب امیر پروفیسر غفور احمد کے گھر ڈکیتی کی واردات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پروفیسر غفور کے گھر ڈکیتی اور اہلخانہ کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے مالیت کے زیورات اور نقدی لوٹ مار کی ڈکیتی سے واضح ہوگیا ہے کہ شہر میں جرائم پیشہ گروہ کی آزادانہ لوٹ مار سے شہری ہی نہیں بلکہ ملک کے سینئر سیاستدان اور ان کے اہلخانہ بھی عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پولیس کی جانب سے شہر میں ڈبل سواری کے پابندی کے باوجود شہر میں ڈکیتی اور جرائم کی شرح میں اضافہ تشویشناک ہے۔ رابطہ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، صوبائی وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا سے سے مطالبہ کیا ہے کہ پروفیسر غفور احمد کے گھر ڈکیتی کرنے والے ملزمان کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دے۔ رابطہ کمیٹی نے اس واقعہ پر پروفیسر غفور احمد اور ان کے تمام اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

## الطاف حسین کی ہدایت پر ضلع مٹھی کی تحصیل چھاچھرو کے گاؤں پیارے جی دھانی میں 63 سال بعد بجلی فراہم کردی گئی

## گھریلو صارفین کیلئے بجلی کے میٹرز اور کنکشن کے اخراجات ایم کیوایم نے برداشت کیے

## غریب عوام کی بے لوث خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے، وسیم اختر

## پاکستان کو سنوارنا ایم کیوایم کے ویژن کا حصہ ہے جس کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ان کے رہن سہن کے معیار کو بہتر بنانا ہے

## تحصیل چھاچھرو کے گاؤں پیارے جی دھانی کے عوام کو بجلی کی فراہمی کے منصوبے کی افتتاحی تقریب کے موقع پر جلسے سے خطاب

عمرکوٹ۔۔۔26، مئی 2010ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے کہا ہے کہ غریب عوام کی خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے اور متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق رنگ ونسل اور زبان و مذہب سے بالاتر ہوکر عوام کی عملی خدمت کررہی ہے، تحصیل چھاچھرو کے گاؤں پیارے جی دھانی کے عوام کو بجلی کی فراہمی بھی ایم کیوایم کے ویژن کا حصہ ہے جس کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہم کے ساتھ ان کے رہن سہن کے معیار کو بہتر بنانا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز ضلع مٹھی کی تحصیل چھاچھرو کے گاؤں پیاری جی دھانی میں بجلی کی فراہمی کے منصوبے کے افتتاح کے موقع پر بڑے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسے میں چھاچھرو گاؤں سمیت قرب وجوار کے گاؤں دیہاتوں کے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ایم کیوایم کی عملی خدمت کو سراہا۔اس سے قبل وسیم اختر نے سوئچ آن کرکے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کیا اور گوٹھوں کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم الطافی، وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی غلام حیدر راہو، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کے ارکان شبیر احمد قائمی، مرید بروہی، ایم کیوایم عمرکوٹ کے زونل انچارج پنچول بھیل اور اراکین زونل کمیٹی میرپورخاص زون سیکٹرز اور یونٹس کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔اس منصوبے پر مجموعی طور پر ایک کروڑ روپے لاگت آئی جو متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر کے ایم این اے فنڈ سے استعمال ہوئے جبکہ 50 سے زائد گھریلو صارفین کو بجلی میٹروں اور کنکشن کی تنصیب پر آنے والے تمام اخراجات متحدہ قومی موومنٹ نے برداشت کیے۔وسیم اختر نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کرکے ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے تاکہ ترجیحی بنیادوں پر غریبوں کے مسائل حل ہوں اور پسماندہ علاقوں میں احساس محرومی کا خاتمہ کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ضلع مٹھی کی تحصیل چھاچھرو کے گاؤں پیارے جی دھانی میں بجلی کی فراہمی بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس سے یہاں کے عوام نہ صرف براہ راست مستفید ہونگے بلکہ بجلی کی فراہمی سے گھر اور اسکول روشن ہونگے، ٹیوب ویل چلیں گے جس سے پانی کی ترسیل وفراہمی میں اضافہ ہوگا اور کاشت کاری کو فائدہ حاصل ہوگا اور یہاں کے عوام کا معیار زندگی بہتر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ یہ آغاز ہے ابھی مزید گاؤں صدیق جی دھانی اور ہوتی جی دھانی میں بھی جلد بجلی فراہم کردی جائے گی جس پر کام شروع ہوچکا ہے اور فنڈ بھی فراہم کیا جاچکا ہے۔اس موقع پر پیاری جی دھانی، صدیق جی دھانی، ہوتی جی دھانی کے عوام نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر بجلی فراہمی کے منصوبے تکمیل اور گھریلو میٹروں کی تنصیب کے اخراجات برداشت کرنے پر قائد تحریک الطاف حسین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور جئے الطاف، جئے متحدہ کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے جس کا سلسلہ وقفے وقفے سے دیر تک جاری رہا۔

## حق پرست عوام سینئر صحافی ادریس بختیار کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔26، مئی، 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سینئر صحافی ادریس بختیار کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ ادریس بختیار کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## مسلم لیگ (ن) تحصیل حسن ابدال کے نائب صدر فرید خان تنولی کی اپنی برادری سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## ایم کیوایم کی انقلابی آواز پنجاب کے کونے کونے میں پھیل رہی ہے، اقبال محمد علی

## ایم کیوایم کے وفد کی دربارِ عالیہ سالک آباد پر حاضری، فاتحہ خوانی کی

حسن ابدال۔۔۔26 مئی 2010ء

مسلم لیگ (ن) تحصیل حسن ابدال کے نائب صدر فرید خان تنولی نے اپنی برادری سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی خان سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم اپر پنجاب زون کے زونل انچارج زاہد ملک، زونل کمیٹی کے ارکان متین خان، کیپٹن (ر) رحیم شاہ، احمد نواز، انچارج اٹک سردار طاہر احسان، تحصیل حسن ابدال کے سرگرم کارکن حاجی اشفاق خان سمیت دیگر کارکن موجود تھے۔ فرید نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی انقلابی آواز پنجاب کے کونے میں پھیل رہی ہے جسے سن کر غریب اور متوسط طبقے کے افراد اپنی تقدیر بدلنے اور استحصالی نظام کے خاتمہ کے لئے لبیک کہہ رہے ہیں۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی خان نے صفدر خان، ان کی برادری اور ساتھیوں کی ایم کیوایم میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا مقصد غریبوں اور متوسط طبقوں کو بیدار کرنا اور ان کو اپنے حقوق کے حصول کی خاطر جدوجہد کرنے کے لئے ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے۔ پاکستان ہم سب کا ہے اور اس کی تقدیر 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ کے پاس گروی رکھنے کے بجائے 98 فیصد غریب عوام کو دینی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ محض خراب حالات کا شکوہ کرنے اور کوستے رہنے سے حالات نہیں بدلیں گے بلکہ اس کے لئے ہم سب کو کوشش کرنا ہوگی اور موروثی و خاندانی سیاست کی بھینٹ چڑھنے والے عوام کو ان کے وسائل پر حقیقی حق دلانا ہوگا۔ دریں حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی خان نے ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنوں کے ہمراہ دربار عالیہ سالک آباد پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر گدی نشین پیر شفیق اعظم نے علاقہ میں ایم کیوایم کی سرگرمیوں کی تعریف کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر، صحت اور تندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کی حیدرآباد زون شعبہ خواتین کے تحت زونل آفس پر رکنیت سازی کیمپ کا انعقاد

## لطیف آباد، قاسم آباد کی سینکڑوں خواتین نے رکنیت سازی فارم پُر کر کے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی

حیدرآباد۔۔۔26 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت حیدرآباد سمیت سندھ بھر میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم تیزی سے جاری ہے اور اس سلسلے میں آج متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون شعبہ خواتین کے زیر اہتمام زونل آفس پر رکنیت سازی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جہاں حیدرآباد، لطیف آباد، قاسم آباد کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی سینکڑوں خواتین نے رکنیت سازی فارم بھر کر جمع کرے اور ایم کیوایم میں باقاعدہ طور پر اپنی شمولیت اختیار کی۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی آنسہ بلقیس مختار، ہیر سوہو، حسنہ آفتاب، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی اراکین عابدہ سیف، عائشہ آفتاب اور فرزانہ ظفر نے خواتین کے رکنیت سازی کیمپ کا دورہ کیا اور ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والی خواتین کے فارم پر کئے اس موقع پر شعبہ خواتین حیدرآباد کی انچارج رعنا صدیقی وارا کین کمیٹی بھی موجود تھیں کیمپ پر خواتین سے گفتگو کرتے ہوئے بلقیس مختار کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین آج ملک بھر کے غریب و متوسط طبقے کیلئے امید کی کرن بن چکے ہیں اور قائد تحریک کے افکار اور کاوشوں سے صرف سندھ ہی میں نہیں بلکہ ملک کے دیگر صوبوں میں بھی حق پرستی کا انقلاب برپا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین حق پرستانہ جدوجہد میں اہم کردار ادا کیا ہے اور اپنے بھائیوں کے شانہ بشانہ رہ کر تحریک کو آگے بڑھایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج 9 زونز میں خواتین کی رکنیت سازی مہم کا آغاز ہوا ہے اور دیگر شہروں کی طرح آج حیدرآباد میں بھی خواتین کی بڑی تعداد نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفہ سے متاثر ہو کر ایم کیوایم میں اپنی شمولیت اختیار کی ہے قائد تحریک الطاف حسین اور ان کے نظریہ کی سچائی اب سندھ کے شہروں سے نکل کر ملک کے گوشے گوشے میں پھیل رہی ہے جس کی بدولت نہ صرف نوجوانوں بلکہ خواتین میں بھی شعور بیدار ہو رہا ہے قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم نے ہمارے معاشرے میں خواتین کے جائز حقوق اور انکے مسائل کیلئے جو کردار ادا کیا ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔

## ایم کیوایم متحدہ لائرز فورم کی محبوب ایڈوکیٹ کے بہیمانہ قتل کی پر زور مذمت ۔

لاہور۔۔۔26مئی2010ء

ایم کیوایم متحدہ لائرز فورم کی لاہور سیشن کورٹ کے احاطہ میں فائرنگ اور دستی بموں سے حملہ کرکے رانا محبوب ایڈوکیٹ کے بہیمانہ قتل کرنے کی پر زور مذمت کرتے ہوئے مقتول وکیل کے اہل خانہ اور پنجاب کے وکلاء سے بھی تعزیت کا اظہار کیا اور پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب کی عدالتوں میں جج صاحبان و وکلاء اور دیگر عدالتی اہلکاروں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے خاطر خواہ سیکورٹی کا انتظام کرنے کا مطالبہ کیا تاکہ وہ اپنے فرائض منصبی آزادانہ اور احسن طریقہ سے سرانجام دے سکیں، متحدہ لائرز فورم نے چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ سے اس واقعہ از خود نوٹس لینے کا مطالبہ بھی کیا تاکہ سیکورٹی پر معمور اہلکاروں کو غفلت برتنے پر سخت کارروائی کی جاسکے جن کی وجہ سے حملہ آور آتشیں اسلحہ اور دستی بموں کے ہمراہ احاطہ سیشن کورٹ میں داخل ہونے میں کامیاب ہوئے۔ متحدہ لائرز فورم نے مقتول کے اہل خانہ اور وکلاء برادری سے اظہار یکجہتی کیلئے وکلاء برادری کی طرف سے ہڑتال اور احتجاج میں شرکت کرنے کا اعلان بھی کیا۔

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن اور حیدرآباد کے یونٹ انچارجز کو معطل کردیا

کراچی۔۔۔26رمئی،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ123 کے یونٹ انچارج مجیب الحق ولد انصار الحق کو غیر معینہ مدت جبکہ ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر H یونٹ A-10 کے یونٹ انچارج جواد حسین ولد عبدالستار کو چھ ماہ کیلئے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆